NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے زیر اہتمام پہلی انٹر نیشنل کانفرنس

ذریعہ: روزنامہ دُنیا فیصل آباد، صفحہ-8

تاریخ: جمعرات، 8 فروری، 2018



نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کی پہلی بین الاقوامی کانفرنس سے اکرم انصاری ودیگر خطاب کررہے ہیں

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے زیر اہتمام پہلی انٹر نیشنل کانفرنس

یونیورسٹی ''ایجادات اور ریسرچ'' میں کردار ادا کرتی چلی آرہی ہے، اکرم انصاری

پاکستان ریسرچ کیلئے اچھا ماحول فراہم کیا جائیگا، خطاب، 6 ملکوں کے مندوبین کی شرکت

فیصل آباد (سپیشل رپورٹر) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے زیر اہتمام ''ننٹنگ میں بڑھتے ہوئے رجحانات'' کے موضوع پر پہلی انٹر نیشنل کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ اس کانفرنس میں تقریباً چھ ملکوں سے مندوبین نے شرکت کی۔ اس پہلی انٹر نیشنل کانفرنس کے مہمان خصوصی وفاقی (صفحہ 5 بقیہ نمبر 43)

بقیہ نمبر 43 — کانفرنس

وزیر برائے ٹیکسٹائل حاجی محمد اکرم انصاری تھے جبکہ مہمان اعزاز میں چیئرمین پاکستان ہوزری منوفیکچرنگ اینڈ ایکسپورٹ ایسوسی ایشن میں نعیم احمد اور ریکٹر این ٹی یو پروفیسر ڈاکٹر تنور حسین تھے۔ میزبان ایچ او ڈی ننٹنگ ڈاکٹر حفصہ جمشید نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ ڈاکٹر حفصہ جمشید نے ننٹنگ پر ہونے والی ریسرچ کے بارے میں بات کی انہوں نے کہا کہ ہم نے غیر ملکی محققین سے ملکر ننٹنگ کی ریسرچ کو نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے سٹوڈنٹس کے لئے بھرپور موقع فراہم کیا ہے۔ اس کانفرنس کا مقصد طلبہ و طالبات کو ننٹنگ ٹیکسٹائل کے شعبہ میں مہارت پیدا کرنا ہے۔ میاں نعیم احمد چیئرمین پی ایچ ایم ای اے نے کہا کہ ہم نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ٹیکسٹائل کے شعبوں میں ریسرچ کرنے پر تمام سٹاف اور سٹوڈنٹس کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور انشاء اللہ ہم اس ادارے کی بھرپور خدمت کرتے رہیں گے تاکہ آنے والے ریسرچ آفیسرز اس ملک کو دنیا میں اعلیٰ مقام دلا سکیں۔ ریکٹر این ٹی یو نے کانفرنس کے شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف ننٹنگ کے شعبہ میں ریسرچ کرتا ہے بلکہ ٹیکسٹائل، کمپیوٹر سائنس، فیشن ڈیزائننگ، ٹیکسٹائل ڈائزائنگ، پولیمر انجیئرنگ، گارمنٹس منوفیکچرینگ، ودیگر شعبوں پر بھی ریسرچ کررہا ہے۔ آخر میں وفاقی وزیر برائے ٹیکسٹائل نے اپنے خطاب میں ریکٹر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، تمام معزز نمائندگان صنعت، ملکی اور غیر ملکی یونیورسٹیوں کے نامور مقررین اور محققین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلا شبہ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی ہمیشہ سے ہی'' ایجادات اور ریسرچ'' میں اپنا کردار ادا کرتی چلی آرہی ہے۔ خصوصاً ٹیکسٹائلز میں اس یونیورسٹی کا کردار قابل ستائش رہا ہے مجھے امید ہے کہ یہ یونیورسٹی ملکی ترقی میں اپنا شاندار کردار ادا کرتی رہے گی۔ میں اس انٹر نیشنل کانفرنس میں شرکت کرنے والے ملکی و غیر ملکی مہمان مقررین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں وافر کاروباری اور منافع بخش صنعتیں لگانے کے مواقع موجود ہیں۔ میرے لئے نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی ایسے عظیم ادارے کیطرف سے ننٹنگ میں برھتے ہوئے رجحانات کے موضوع پر انٹر نیشنل کانفرنس میں شرکت باعث فخر ہے جو کہ پاکستان کی سب سے پرانی یونیورسٹ ہے جہاں فارغ التحصیل گریجویٹس کو ''ٹیکسٹائلز'' ڈگریاں دی جاتی ہیں، حکومت پاکستان کی طرف سے غیر ملکی محققین کو یقین دلاتا ہوں کہ انہیں پاکستان میں دوطرفہ ریسرچ معلومات فراہم کرنے کیلئے اچھا ماحول فراہم کیا جائے گا۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**